28/01/2026
07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر مینبلال احمد وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*........ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس شروع// یکم فروری کو ہوگا مرکزی بجٹ پیش ۔

*........ حکومت کی ٹھوس پالیسوں کے نتیجے میں ملک ترقی کی راہ پر گامزن // صدر جمہوریہ درو پدی مرمو کا پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب۔

*........ مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار ہوائی حادثے میں از جان۔

اور

*........ نوجوان افسر ٹیکنالوجی پر مبنی ریلوے کا بنیادی ڈھانچہ تیار کرنے پر توجہ مرکوز کریں// ایل جی منوج سنہا ۔

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے کہا ہے کہ سرکار کی ٹھوس پالیسوں کے نتیجے میں ملک میں تمام شعبوں خاص کر زرعی شعبے نے قابل قدر ترقی درج کی ہے ۔

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے ملک میں دہشت گردی مخالف کارروائیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہاکہ بھارت نے اس بارے میں آپریشن سندور کے ذریعے اپنا موقف واضح کیا۔

........President........

واضح رہے کہ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آج شروع ہوا ۔ مرکزی بجٹ یکم فروری کوپیش کیا جائے گاجبکہ اکنامک سروے کل پیش کیا جائے گا۔

اجلاس

وزیر اعظم نریندر مو دی اور نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے پارلیمنٹ کی اجلاس سے صدر جمہوریہ کے خطاب کی تعریف کر تے ہوئے اسے دور اندیشی پر مبنی قرار دیا ہے۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک بھر میں 12ہزار کے قریب آیوش طبی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ کیرالہ میں قائم آریہ ویدیا Sala چیر ٹیبل ہاسپٹل کی صدسالہ تقریب سے ورچول موڈ کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نےکہا کہ آیور وید نے ہر دور میں قدرت کے اصولوں کے ساتھ توازن کو بر قرار رکھا ہے ۔

...........PM...........

دریں اثناءوزیر اعظم نریندر مو دی نے آج نئی دلی میں سالانہ این سی سی، پی ایم ریلی سے بھی خطاب کیا۔

اجیت پوار
علاقے میں جہاز Baramati مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار آج صبح مہاراشٹر کے گرنے کے ایک واقعے میں جاں بحق ہو گئے۔
ائیر کرافٹ جس میں اجیت پوار LearJet 45 شہری ہوا بازی کی وزارت نے خبر دی ہے کہ ہوائی اڈے پر لینڈ کرتے وقت کریش ہو گیا ۔ وزارت نے کہا ہے کہ اس Baramati سوار تھے جہاز میں سوار نائب وزیر اعلیٰ سمیت پانچ افراد از جان ہو گئے ۔

تعزیت-1
صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ،نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی ، لوک سبھا سپیکر اوم برلا ، وزیر داخلہ امت شاہ ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو اور کئی دیگر اہم شخصیات نے اجیت پوار کے از جان ہونے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے سوگوار کنبے کے ساتھ یکجہتی ظاہر کی ہے ۔
لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ہوائی حادثے کے دوران اجیت پوار کے جاں بحق ہونے پر رنج و الم کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی ظاہر کی ہے ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اجیت پوار کے از جان ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔

تعزیت-2
اِدھر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ ،پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی ، پردیش بی جے پی صدر ست شرما، جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول، پارٹی کے دیگر لیڈروں، DU جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے بھی ہوائی حادثے میں اجیت پوار کے از جان ہونے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔

ایل جی ریلوے
لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ریلوے کے نوجوان افسروں پر زور دیا ہے کہ وہ ترقی یافتہ بھارت کے لئے ٹیکنالوجی پر مبنی ریلوے کا بنیادی ڈھانچہ تیار کرنے کی طرف توجہ مرکوز کریں۔ ان آفیسر IRMS باتوں کا اظہار لیفٹیننٹ گورنر نے لوک بھون جموں میں انڈین ریلوے منیجمنٹ سروس ٹرینیز کے ساتھ بات چیت کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریل نیٹ ورک نہ صرف سماجی سرگرمیوں کو تقویت بخشتا ہے بلکہ یہ سماجی تانے بانے کو جوڑ کر ایک قوم کی عکاسی کرتا ہے۔
........LG...........

ایل جی سمیلن

اس دورانلیفٹیننٹ گورنر نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر میں مقامی ثقافت کو ترقی کی نئی بلندیوں تک پہنچانے کی کاوشیں دہائیوں کے بعد 2020 میں شروع ہوئیں۔
ابھینو تھیٹر جموں میں کل بھارتیہ ہندی کوی سمیلن سے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ شاعروں کی بے مثال صلاحیتوں سے سماجی اصلاحات یقینی بن جاتی ہیں۔
انہوں نے کہا کہ شاعری کے ذریعے ایک ایسا بھارت وجود میں لایا جا سکتا ہے جو کثرت میں وحدت کی بھرپور عکاسی کرتا ہو۔

سکیم

سرکشا بیمہ PMجن دھن یوجنا ، PMجمونو کشمیر میں سرکاری سطح پر عملائی جا رہی جیون جوتی بیمہ یوجنا اور اٹل پنشن یوجنا کے علاوہ دیگر مالی شمولیاتی اور سماجی PMیوجنا، تحفظ کی سکیموں کی عمل آوری مینپلوامہ، بارہمولہ اور جموں اضلاع نے غیر معمولی کارکردگی کا اظہار کیا ہے۔
وزیر اعلیٰ نے اس کامیابی پر ان اضلاع کی انتظامیہ کو مبارکباد دی ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج پلوامہ اور شوپیان اضلاع کے دوردراز علاقوں کا دورہ کر کے وہاں حالیہ برفباری کے بعد پیدا شدہ صورتحال کا جائزہ لیا۔
دونوں اضلاع کی انتظامیہ کے افسران کے ساتھ الگ الگ میٹنگس میں انہوننے لوگوں کی راحت رسانی کے کام میں تیزی لانے کی ہدایت دی۔شوپیان، زینہ پورہ اور راجپورہ کے ممبران اسمبلی کے علاوہ انتظامیہ کے دیگر کئی افسران ان کے ساتھ تھے۔

ستیش شرما

ورکشاپ جمونو BHASHINI RAJYAMانفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ کشمیر میں عوام دوست ڈیجیٹل ایکو سسٹم قائم کرنے کی سمت میں ایک اہم قدم ہے۔ یہ بات BHASHINI RAJYAM انہوننے آج جمونمیں انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کی جانب سے منعقدہ ورکشاپ سے خطاب کے دوران کہی۔
ورکشاپ کے انعقاد میں الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی مرکزی وزارت نے اپنا اشتراک دیا تھا۔

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سائبر جرائم پر موثر طریقے سے قابو پانے کے لئے ٹیکنالوجی کو مکمل طور سے بروئے کار لانے نیز قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مابین بہتر تال میل کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔
وہ کل جموں میں یوٹی سطح کی کو آر ڈنیشن کمیٹی کی 36 ویں میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ سائبر فراڈ اور آن لائن دھوکہ دہی کے معاملوں میں ملوث ملزموں کے ساتھ سختی سے نمٹا جانا چاہئے ۔

سیاحتی میلہ

میں 21سے 25جنوری تک منعقد Madrid جمونکشمیر کے محکمہ سیاحت نے اسپین کی راجدھانی
ہوئے "فتور" نامیمعروف سالانہ سیاحتی تجارتی میلے شرکت کرکے بہترین کار کردگی کا مظاہرہ
کیا۔محکمہ سیاحت کے وفد کی قیادت وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے کی ۔
میلے کے دوران محکمہ سیاحت نے پہلی بار ورچول ریلٹی سہولت کو متعارف کیا جبکہ پیپر
ماشی، بسوہلی پیٹنگ اور بید کی لکڑی کی مصنوعات نے غیر ملکی سیاحوں کو کافی متاثر کیا۔

پروفیسر نذیر گنائی

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر ل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر
نذیر احمد گنائی نے کہا ہے کہ قومی تعلیمی پالیسی طالب علموں کوہنر مند اور با صلاحیت بنانے
میں اہم رول ادا کر رہی ہے ۔
آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوںنے کہا کہ پچھلے تین برسوں کے دوران
یونیورسٹی میں داخلہ لینے والے طالب علموں کی تعداد پہلے کے مقابلے میں دو گنا ہو گئی ہے ۔
............Prof. Nazir........

سکاسٹ

کے تعاون سے یونیورسٹی کے شالیمار کیمپس میں منیجمنٹ MSME اس دوران سکاسٹ کشمیرنے
ڈیولپمنٹ پروگرام کا انعقاد کیا ۔پروگرام کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یونیورسٹی میں
کے پروفیسر// ڈاکٹر ایس ایچ IBPR انسٹی چیوٹ آف بائیو ٹیکنالوجی اینڈ فارماسیوٹیکل ریسرچ
بابانے کہاکہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے بارے میں مکمل جانکاری حاصل کرنا وقت کا تقاضا ہے ۔اس
کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر عمر فیاض خان نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔IBPR موقعے پر

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن
ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر
Radiokashmir@gmail.com شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں ۔
-----Gong-----

ورکشاپPIB

پریس انفارمیشن بیورو جموں کے اہتمام سے بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی راجوری میں ایک
میڈیا ورکشاپ کا انعقاد ہوا۔ وار تالاپ نامی اس پروگرام کے دوران ضلع کے صحافیوں کومرکزی
معاونت والی قبائیلی فلاحی اسکیموں کے بارے میں جانکاری دی گئی۔
اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر جاوید
اقبال نے کہا کہ ایسی اسکیموں کے فوائد مستحقین تک پہنچانے میں میڈیا اہم رول ادا کر سکتا ہے۔

کی ڈائریکٹر جموں نہا جلالی اور راجوری کے ڈپٹی کمشنر ابھیشک شرما نے PIB ورکشاپ پر بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

سارس

جموں و کشمیر لائیولی ہڈس مشن کی طرف سے کلا کیندر جموں میں 31جنوری سے 9 فروری تک سار س میلہ 2026کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

کی مشن ڈائریکٹر ڈاکٹر شبھرا شرما نے سارس میلے کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے JKRLM افسروں پر زور دیا کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے اس میلے کو کامیابی سے ہمکنار کرانے میں کوئی بھی کسر باقی نہ رکھیں۔

خورشید گنائی

جمونو کشمیر میں منشیات کی بدعت ہر گزرتے دن کے ساتھ پھیل رہی ہے اور کا فی تعداد میں نوجوان اس لت کے شکارہو رہے ہیں۔

اس مسئلے کی سنگینیت کے بارے میں گروپ آف کنسرنڈ سٹیزنز کے چیر مین اور سابق گورنر کے مشیر خورشید احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

------Khurshid-----

مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کےلئے عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے۔

NC

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے انتظامیہ سے کہا ہے کہ وادی کے جن دوردراز علاقوں میں ابھی تک سڑکوں سے برف نہیں ہٹائی گئی ہے وہاں اس کام میں سرعت لائی جانی چاہئے۔ انہوننے لوگوں کی راحت رسانی کےلئے مناسب اقدامات کرنے کےلئے کہا ہے ۔

اس دوران پارٹی کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے سرینگر ضلع انتظامیہ سے حضرت احمد صاحب ابدال سرہندیؒ کے عرس کے سلسلے میں عقیدت مندوں کےلئے سہولیات دستیاب رکھنے کی اپیل کی ہے۔

ست شرما

بی جے پی جمونوکشمیر کے صدر اور پارلیمنٹ ممبر ست شرما نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ میں اُٹھائے جانے والے کسی بھی بامعنی معاملے کو نہ صرف سنا جاتا ہے بلکہ اس پر مناسب کارروائی بھی کی جا تی ہے۔ انہوننے کہا کہ5دسمبر2025کو ان کی جانب سے راجیہ سبھا میں

اٹھائے گئے پونچھ بڈھا امر نا تھ سڑک معاملے کا تحریری جواب اس بات کا ثبوت ہے کہ مرکزی سرکار لوگوں کی فلاح بہبود کےلئے کام کر رہی ہے۔

اشوک کول
بی جے پی جمونو کشمیر کے اہتمام سے آج کپواڑہ میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے وِکست بھارت جی رام جی کے مختلف پہلوؤں کو اُجاگر کیا۔

نرمل سنگھ
بی جے پی کے سینئر لیڈر ڈاکٹر نرمل سنگھ کی سربراہی میں پارٹی لیڈروں کے ایک وفد نے آج جموں میں پدم شری ایوارڈ یافتہ سماجی کارکن برج لال بھٹ کے ساتھ ملاقات کرکے ان کی عزت افزائی کی۔

بی جے پی
بھارتیہ جنتا پارٹی جمونو کشمیر کے اہتمام سے شری گرو روی داس جی کے649ویں جنم دن کے موقعے پر6فروری کو کئی تقریبات منعقد ہونگی۔

گاندربل
گاندربل ضلعے کے سیاحتی مقام سونمرگ میں کل رات آئے برفانی طوفان کے مد نظر گاندر بل پولیس نے عام لوگوں، سیاحوں اور ٹرانسپورٹروں کو انتہائی احتیاط برتنے کی تاکید کی ہے۔
پولیس نے کہا ہے کہ ضلعے کے حساس علاقوں میں برفانی تودے گرآنے کا امکان ہے۔
یہ بات قابل ذکر ہے کہ سونمرگ کے نئے ٹرک یارڈ میں کل رات سو ا دس بجے برفانی طوفان آیا تاہم اس میں کسی مالی یاجانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

اونتی پورہ پولیس
اونتی پورہ پولیس کے اہتمام سے آج ڈی پی ایل اونتی پورہ میں تحقیقاتی افسروں کےلئے ایک تربیتی پروگرام منعقد ہوا۔ اس موقعے پر پروگرام کے شرکاءکو خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم کی تحقیقات سے متعلق تربیت فراہم کی گئی۔

جموں پولیس
منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کارروائی جاری رکھتے ہوئے ادھمپور پولیس نے کاظم اشر ف نامی ایک ڈرگ سمگلر کی بھدرواہ میں واقع 75لاکھ روپے مالیت کی جائیداد اٹیچ کی ہے ۔

تقریب
کل نئی دلی کے وجے چوک "Beating Retreat"اس برس کے یوم جمہوریہ کی اختتامی تقریب پر منعقد ہو گی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مو دی اور تمام مرکزی وزراءکے علاوہ دیگر کئی شخصیات اس تقریب میں شرکت کریں گی۔

عالمی دن

آج پُر امن بقائے باہمی کا عالمی دن منایاجا رہا ہے ۔اس دن کو منانے کا مقصد روا داری ، باہمی احترام ، یکجہتی اورہم آہنگی کے جذبے کو فروغ دینا ہے ۔اس دن کی مناسبت سے آج کئی پروگرام منعقد ہوئے ۔

Winter

وادی مینموسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----Winter Jingle-----

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی بارش یابرفباری کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت7اعشاریہ1ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت صفر اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت18اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت6اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر30منٹ اور
غروب آفتاب شام5 بجکر58منٹ پر ہو گا۔
اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر
کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ

......................................

.......................

...........